6-Aug-13

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب مون سون متاثرین کیلئے سے امدادی کاروائیاں جاری۔

کراچی (پ۔ر) شہر میں تین روز قبل ہونے والی طوفانی بارشوں میں تباہ حال متاثرین کیلئے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کی امدادی سرگرمیاں جاری ہیں۔اس سلسلے میں احسن آباد نمبر ایک سے لیکر سات نمبر تک کے علاقہ مکینوں ،بشمول سعدی ٹاون ،امروہہ ٹاون ،واٹر بورڈ ریذیڈینشل سوسائٹی اور کے ای اس سی ریذیڈینشل سوسائٹی میں متاثرین کیلئے ریسکیو اور ریلیف کیلئے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے امدادی دستے اور تازہ دم رضا کاران مصروفِ عمل ہیں۔اسی طرح کاٹھور سپر ہائی وے کے نزدیک بی ایڈ کالج درسنو چنو میں حکومتی سربراہی میں متاثرین مون سون کیلئے قائم شدہ کیمپ میں بھی امدادی کاروائیاں جاری ہیں۔عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے ترجمان شکیل دہلوی نے بتایا کہ اس سلسلہ میں شہر کے متاثرہ علاقوں بالخصوص سعدی ٹاون ، حسن آباد نمبر ایک تا سات اور درسنو چنو ، کاٹھور میں روزانہ سینکڑوں متاثرین میں سحری ،افطار، کھانا اور منرل واٹر تقسیم کیا جارہا ہے۔انہوں نے مخیرّ حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ امدادی کاروائیوں کو تیز کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تعاون کریں۔

#